سوال

(136)نامرد سے شادی کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شادی سے قبل اگر لڑکی کو بتا دیا جائے کہ لڑکا اس کی جسمانی ضروریات پوری کرنے کے قابل نہیں ہے، اور لڑکی بغیر کسی دباؤ کے شادی کر لے تو کیا لڑکا کسی گناہ کا مستحق ہوگا۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورت مسئولہ میں لڑکے کا اخلاقی فرض بنتا ہے کہ شادی سے پہلے اپنا علاج کروائے اور کسی عورت کی زندگی کو برباد مت کرے۔ کیونکہ اسلام تمام مسلمانوں کے خیر خواہی کرنے کا حکم دیتا ہے، عورت کے حق میں خیر خواہی یہی ہے کہ لڑکا علاج سے پہلے شادی نہ کرے۔

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 09 ص